21787 ـ رمضان کی قضاء کی موجودگی میں عاشورا کا روزہ رکھنا

سوال

مجھ پر رمضان کی قضاء ہے اور میں عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہتا ہوں، تو کیا میرے لیے قضاء سے قبل عاشوراء کا روزہ رکھنا جائز ہے؟
اور کیا میں عاشوراء دس اور گیارہ محرم کا روزہ رمضان کی قضاء کی نیت سے رکھ سکتا ہوں، اور کیا مجھے عاشوراء کے روزے کا اجروثواب حاصل ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

جس شخص پر رمضان المبارک کے ایک یا ایک سے زیادہ دنوں کی قضاء ہو وہ نفلی روزہ نہ رکھے، بلکہ وہ اپنی قضاء سے ابتدا کرے اور پھر نفلی روزے رکھے.

دوم:

جب وہ دس اور گیارہ محرم الحرام کا روزہ رمضان المبارک کے چھوڑے ہوئے روزوں کی قضاء کی نیت سے رزہ رکھے تو یہ جائز ہے، اور یہ اس کے ذمہ دو یوم کی قضاء ہو گی، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، اور ہر شخص کے لیے وہی کچھ ہے جو اس نے نیت کی "

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیہ والافتاء (11 / 401)

اور امید ہے رکھی جاسکتی ہے کہ آپ کو اس دن کے روزے اور قضاء کا اجروثواب حاصل ہو گا.

دیکھیں: فتاوی منار الاسلام، للشیخ محمد ابن عثیمین رحمہ اللہ (2 / 358)

واللہ اعلم .